ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ محرم الحرام کے انتظامات کے حوالے سے ٹاؤن افسران سے میٹنگ کرتے ہوئے

پاکستان کی تعمیر کرنا ہے   اسکو ہمیشہ سربلند رکھنا ہے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ

پریس ریلیز

تاریخ 05-07-2024   حوالہ نمبر TMC/G/INF/58/24

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے گڈاپ ٹاؤن آفس میں محرم الحرام کے حوالے سے افسران کے ساتھ میٹنگ کی ،سپرنٹنڈنٹ انجینئر ایم اینڈ ای نور علی جمالی اور AEE ایم اینڈ ای وسیم آرائیں نے محرم الحرام کے انتظامات سے آگاہ کیا، گڈاپ ٹاؤن کی حدوں میں تمام امام بارگاہوں اور جلوسوں کے روٹس پر اسٹریٹ لائٹس کی خصوصی سہولیات کی فراہمی کافی حد تک کردی گئی ہیں اور باقی کام جاری ہے، ٹاؤن چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے کہا کہ محرم الحرام کے سلسلے میں منتظمین کی باہمی مشاورت کے ساتھ بلدیاتی مسائل حل کیئے جارہے ہیں محرم الحرام میں عزاداروں کو گڈاپ ٹاؤن انتظامیہ کی جانب سے بلدیاتی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے حکمت عملی مرتب کرلی گئی ہے جلوسوں کے راستوں میں صفائی ستھرائی، روشنی کی بحالی کے انتظامات مساجد وامام بارگاہوں اور جلوسوں کے روٹس پر تجاوزات ورکاوٹوں کے خاتمے کے قدامات جاری ہیں ہماری کوشش ہے کہ محرم الحرام کے دوران عزاداران حسین کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے ،وائس چیئرمین جام محمد جوکھیو نے اپنے پیغام میں کہا کہ محرم الحرام کو بڑے عقیدت واحترام سے منایا جاتا ہے شہدائے کربلا کی قربانیوں کو ہمیشہ یادرکھا جائے گا نئے اسلامی سال کا آغاز بھی محرم الحرام کے مقدس مہینے سے ہوتا ہے اس موقع پر ٹاؤن میونسپل کمشنر احمد یار، پارلیمانی لیڈر کونسل ممبر میر عباس ٹالپو، افسر مالیات افتخار احمد دایو، ڈائریکٹر HRM حاجی شریف شیخ، انچارج اینٹی انکروچمنٹ سہیل یار خان، سپرنٹنڈنٹ انجینئر فرمان علی لاشاری، ڈائریکٹر سینیٹیشن اشرف بلوچ، ڈائریکٹر انفارمیشن رضوان صابر، ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن محمد شرجیل خان، اسسٹنٹ اکاؤنٹس آفسر محمد ذیاد طارق، پی ایس چیئرمین لال جان بی و دیگر بھی موجود ہیں۔

جاری کردہ

رضوان صابر

ڈائریکٹر انفارمیشن

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ